بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

متروک سنّہ چیک لسٹ

4: عسر میں یسر

عسر = تنگی، مشکل یسر = آسانی

فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ یُسْرًا (الشرح : 5-6)

پس بیشک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے، بیشک ہر مشکل کے ساتھ آسانی ہے-

نبی صلی اللہ علیہ وسلم :

. نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خوبی - مشکل حالات میں آسانیوں کو دیکھتے-

. ناموافق حالات کو عزم اور ہمّت کے ساتھ موافق حالات میں بدلنے کی کوشش کرتے-

. مایوسیوں کے وقت بھی امید کے ساتھ اپنا عمل جاری رکھتے-

>> اس اصول پر سیرت سے 2 خوبصورت واقعے :

غزوہ خندق : نبی صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام سمیت اپنا دفاع کرنے کیلئے خندق کھود رہے تھے - سخت سردی، بھوک، جسم پر کپڑے نہیں، کھانا نہیں، دشمن کے آنے کا خطرہ بھی - صحابہ سے کچھ چٹانیں پوری کوشش کے باوجود نہیں ٹوٹ رہی تھیں - نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ضرب لگانے سے ایک ایک پتّھر ٹوٹ رہا تھا - نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر ضرب پر خوشخبری سنائی-

. مجھے قیصر و کسری کے خزانے دکھائے گئے

. روم اور فارس کی چابیاں دکھائ گئیں

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مشکل حالات میں یہ کہا جب آپ کے پاس کچھ نہیں تھا - یہی ہے **عسر میں یسر**

اسی پر منافق اور کفّار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاق اڑاتے کہ ہاتھ میں کچھ نہیں اور اتنے بڑے بڑے خواب دیکھتے ہیں لیکن اللہ سبحانہ و تعالی نے اس کے تعلق سے قرآن میں آیات نازل کردیں-

صلح حدیبیہ : یکطرفہ صلح تھی- سارے مشرکین کے حقوق کی موافقت کی گئ-ان کی ہر بات مان لی- بظاہر دیکھنے میں ہار نظر آرہی تھی لیکن اسی صلح حدیبیہ میں فتح مکّہ چھپی تھی-

عمل:

1- اسلام پر جب جتنے مشکل حالات آئے، اتنی ہی خیر ملی-

2- مشکل حالات میں بھی خود پر قابو رکھیں - شور نہ مچائیں، نہ روئیں-

3- منفی باتیں نہ کریں، نہ سوچیں، خاص کر لیڈرز-

4- ایمان بڑھائیں - سچّا ایمان ہی اس بات کا عادی کرتا ہے کہ مشکلات کے ارد گرد ہی آسانی نظر آتی ہے، مشکلات میں چھپی ہوئ خیر نظر آتی ہے-

5- مشکل حالات میں ہی انسان نکھرتا ہے-

~~ ~~ عسر میں یسر >> "نہیں" میں "ہے" کو ڈھونڈنا ~~*~~**